**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 07 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۷/ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی رقم میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا ' وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے

☆ بڑی راجہ مُفت بجلی یوجنا نافذ العمل

☆ نکسلیوں سے متاثرہ ریاستوں کے وزراء اعلیٰ کی آج نئی دِلّی میں میٹنگ

☆ 98 ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے صدر عہدے پر ڈاکٹر تارا بھواڑکر کا انتخاب

اور

☆ لڑکیوں کے T- 20 کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت نے پاکستان کو شکست دی

### اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی رقم میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں وزیراعلیٰ خواتین کو بااختیار بنانے کی مہم کے تحت لاڈلی بہن یوجنا سے مستفیض ہونے والی خواتین کا استقبال اور ریاستی سطح پر متعدد اسکیمات کا آغاز کرنے کے لیے منعقدہ جلسے میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے ایک بار پھر کہا کہ لاڈلی بہن یوجنا کی صورت میں بند نہیں کی جائے گی۔

وزیراعلیٰ نے بتایا کہ لاڈلی بہن یوجنا سے مستفیض ہونے والی خواتین کی تعداد سب سے زیادہ چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ خواتین کو لکھ پتی بنانا حکومت کا مقصد ہے۔

اپنے خطاب میں انھوں نے کہا کہ ڈھائی برسوں میں مہا وِکاس آ گھاڑی حکومت کی کارکردگی اور عظیم اتحاد حکومت کی 2 ر برسوں کی کارکردگی کا موازنہ کریں۔

اِس جلسے میں نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نیز اجیت پوار ' خواتین و بہبوداطفال کی وزیر ادیتی تٹ کرے' رکن پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڈ' نگراں وزیرعبدالستار اور ہاؤسنگ کے وزیراتل ساوے سمیت کئی عوامی نمائندے اور سرکاری افسران موجود تھے۔

اِسی جلسے میں بڑی راجا مفت بجلی یوجنا بھی وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں نافذ العمل کی گئی۔ اِس کے تحت ریاست میں آباد 44/لاکھ کاشتکاروں کو ساڑھے تین ایچ پی پمپ کے لیے مفت بجلی فراہم کی جائے گی۔ اِس کے لیے حکومت نے 14 ر ہزار 761 /کروڑ روپئے مختص کیے ہیں۔

اِسی طرح مطالبہ کرنے والوں کو شمسی زرعی پمپ دینے کی یوجنا بھی حکومت نے شروع کی ہے۔ نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یہ بات بتائی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ مراٹھواڑے میں پانی کی قلت دور کرنے کی غرض سے حکومت نے مغرب کی سمت بہنے والی ندیوں کا پانی مراٹھواڑے میں لانے کے کاموں کی منظوری بھی دیدی ہے۔ جناب پھڑنویس نے بتایا کہ یہ کام آئندہ کچھ برسوں میں مکمل ہو جائیں گے اور اِس سے مراٹھواڑے میں پانی کی قلت ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گی۔

اپنی مخاطبت میں نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے کہا کہ رکشا بندھن کے تحفے کے بعد اب بہنوں کو بھاؤ بیج کا تحفہ بھی ملے گا۔

***** ***** *****

اِس جلسے کے بعد چھترپتی سنبھاجی نگر کے نواحی علاقے ہرسول میں مہاراشٹر اسٹیٹ پولس پاٹل ایسوسی ایشن کی جانب سے جلسہ تشکر کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اِس جلسے میں وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کا استقبال کیا گیا۔ اِس موقعے پر اپنی مخاطبت میں جناب شندے نے کہا کہ پولس پاٹل گاؤں کے سبھی طبقات میں ہم آہنگی برقرار رکھنے کا کام کرتے ہیں۔ وزیراعلی نے کہا کہ اُن کے سبھی مطالبات پورے کرنے کے لیے حکومت کا ارادہ مثبت ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال میں سویابین خریدنے کے لیے مراکز شروع کردیے گئے ہیں۔ حکومت نے بتایا کہ اِن مراکز کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔خیال رہے کہ مرکزی حکومت نے اِس سال سویابین کے لیے فی کوئنٹل 4/ہزار 892/روپئے کی ضمانتی قیمت کا اعلان کیا ہے۔موصولہ اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ اس سال اب تک تقریباً 5/ہزار کاشتکاروں نے سویابین خریدی مراکز پر اندراج کروایا ہے۔ ریاستی حکومت نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اِس یوجنا سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں کم از کم بنیادی قیمت پر موسمِ خریف کی زرعی پیداوار خریدنے کے لیے آن لائن اندراج شروع کردیا گیا ہے۔اِس میں مونگ ‘ معاش اور سویابین کی فصل کا شمار ہے۔یہ زرعی پیداوار خریدنے کے لیے 13/مراکز بنائے گئے ہیں۔ پہلے آئندہ 10/تاریخ سے مونگ اور معاش کی فصل خریدی جائیں گی اِس کے بعد 15/تاریخ سے سویابین کی فصل خریدی جائے گی۔ڈسٹرکٹ مارکیٹنگ افسر راجیش ہیم کے نے کاشتکاروں سے اپنے کاغذات بروقت جمع کروانے کی اپیل کی ہے۔

اِسی طرح دھاراشیو ضلعے میں 15/مقامات پر زرعی پیداوار خریدی مراکز قائم کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

نکسلیوں سے متاثرہ ریاستوں کے وزراءاعلیٰ کی ایک میٹنگ آج نئی دِلّی میں منعقد کی گئی ہے۔مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ اِس میٹنگ کی صدارت کریں گے۔اِس میٹنگ میں مہاراشٹر ‘ آندھرا پردیش ‘بہار ‘ چھتیس گڑھ ‘ جھارکھنڈ ‘ تیلنگانہ ‘ اوڈیشہ اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ شرکت کریں گے۔ساتھ ہی ان ریاستوں کی ترقی کے لیے امداد مہیا کرنے والے 5/مرکزی وزراءبھی خصوصی طور پر موجود رہیں گے۔

***** ***** *****

دِلّی میں ہونے والے 98/ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے چیرمین عہدے پر بزرگ محقق ڈاکٹر تارا بھواڑکر کا انتخاب کیا گیا ہے ۔ ادبی کارپوریشن کے کل پونا میں منعقدہ اجلاس میں ڈاکٹر تارا بھواڑکر کے نام کا اعلان کیا گیا ۔ اِس اجلاس میں مذکورہ سمّیلن کی تواریخ اور پروگرام کی دیگر تفصیلات طئے کی گئیں ۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ تیرتھ درشن یوجنا کے تحت کل پہلی ٹرین چھترپتی سنبھاجی نگر سے ایودھیا کے لیے روانہ ہوئی ۔ اِس ٹرین میں 800/ بزرگ شہریان سفر کر رہے ہیں ۔نگراں وزیر عبدالستار اور ہاؤسنگ کے وزیر اتل ساوے کی خصوصی موجودگی میں یہ ٹرین روانہ کی گئی ۔ انتظامیہ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ جالنہ ‘ ناندیڑ اور بیڑ ضلع سے بھی عنقریب ایسی ٹرین روانہ کی جائے گی ۔

***** ***** *****

لاتور میں واقع پُرن مَل لاہوٹی گورنمنٹ ٹیکنیکل کالج کے ہاسٹیل میں ناقص غذا کھانے کی وجہ سے متاثر ہوئے 60/طلباء کو علاج کے لیے ولاس راؤ دیشمکھ میڈیکل کالج نیز ہسپتال میں شریک کیا گیا ہے ۔میڈیکل کالج کے ڈین ڈاکٹر اُدئے موہت نے بتایا کہ طلباء کی صحت میں بہتری آ رہی ہے ۔اُنھوں نے بتایا کہ پولس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے اور غذا کے نمونے جانچ کے لیے تجزیہ گاہ کو بھیج دیے گئے ہیں ۔رکن پارلیمان ڈاکٹر شیواجی کاڑگے اور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے نے کل ہسپتال پہنچ کر طلباء کی عیادت کی ۔

***** ***** *****

لڑکیوں کے T-20/کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں کل بھارت نے پاکستان کو 6/وکٹ سے شکست دی ۔ دبئی میں کھیلے گئے اِس مقابلے میں پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے پاکستانی لڑکیوں کی ٹیم نے 20/اوورس میں 8/وکٹ کے نقصان پر 105/رن بنائے تھے ۔ بھارتی گیند باز ارون دھتی ریڈی نے 3/شریے نکا پاٹل نے 2/ جبکہ رینوکا سنگھ ‘ دیپتی شرما اور آشا شوبھنا نے فی کس ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا ۔ جوابی بلّے بازی میں بھارتی ٹیم نے 19/ویں اوور میں 4/کھلاڑیوں کے نقصان پر ہدف پورا کرلیا ۔شیفالی ورما نے 32/ ہرمن پریت کَور نے 29/ اور جے میما روڈ رِگس نے 23/رن بنائے ۔ اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کا اگلا مقابلہ آئندہ 9/ تاریخ بدھ کے روز شری لنکا سے ہوگا ۔

***** ***** *****

بھارت اور بانگلہ دیش کے لڑکوں کی کرکٹ ٹیم کے مابین کھیلی جا رہی تین T-20 ر مقابلوں کی سیز کا پہلا مقابلہ بھارت نے جیت لیا ہے۔

اِس مقابلے میں پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بانگلہ دیش کی ٹیم نے بھارت کے سامنے 127 ر رنوں کا ہدف رکھا تھا۔ جوابی بلّے بازی میں بھارت نے محض 12 ر ویں اوور میں 3 ر کھلاڑیوں کے نقصان پر یہ ہدف پورا کرلیا۔ بھارتی گیند باز ارش دیپ سنگھ اور وِرُن چکرورتی نے فی کس 3 - 3 ر کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ ارش دیپ سنگھ کو مقابلے کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ تین T-20 ر مقابلوں کی سیریز میں پہلا مقابلہ جیت کر بھارت نے ایک صفر سے برتری حاصل کرلی ہے۔ سیریز کا دوسرا مقابلہ بُدھ کے روز دِلّی میں کھیلا جائے گا ۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے 9 ر اسمبلی حلقوں میں چناؤ کروانے کے لیے انتظامیہ پوری طرح تیار ہیں۔ شعبہ ضلع چُناؤ کے افسر راج کمار مانے نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ اِس چُناوی کام کاج کے لیے 21 ر ہزار 115 ر افسران و ملازمین کا آن لائن اندراج مکمل ہو چکا ہے اور انتظامیہ نے اسمبلی چُناؤ کے ساتھ ساتھ ناندیڑ لوک سبھا حلقہ انتخاب کے ضمنی چُناؤ کی تیاریاں بھی کرلی ہیں۔ انھوں نے مزید بتایا کہ ضلع کے 9 ر اسمبلی حلقوں میں ووٹنگ کے لیے 3 ر ہزار 88 ر رائے دہی مراکز قائم کیے جائیں گے ۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی رقم میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا ' وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے

☆ نکسلیوں سے متاثرہ ریاستوں کے وزراء اعلیٰ کی آج نئی دِلّی میں میٹنگ

☆ 98 ؍ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے صدر عہدے پر ڈاکٹر تارا بھواڑکر کا انتخاب

اور

☆ لڑکیوں کے T- 20 ؍کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت نے پاکستان کو شکست دی

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆